© rasailojaraid.com



دلائل دیے ہیں اور منطقی اور استدلالی نتائج اخذ کیے ہیں۔ غالباً حضرت خضرؑ کی ذات اور شخصیت پر اُردو زبان میں، تحقیقی نوعیت کی یہ پہلی کتاب ہے۔(قاسم محمود احمد)

**مولانا ابوالکلام آزاد: علمی و تصنیفی خدمات**، عبدالرشید عراقی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی، خالق آباد، ضلع نوشہرہ۔ صفحات: ۱۰۳۔ قیمت: درج نہیں۔

مولانا ابوالکلام آزاد (۱۸۸۸ء-۱۹۵۸ء) برطانوی ہند میں ایک عظیم الشان عالم کی طرح قومی اُفق پر نمودار ہوئے۔ انھوں نے تحریر، خطابت اور صحافت کے ذریعے مسلمانوں کو بالخصوص اور دیگر مذاہب کے حاملین ہندیوں کو بالعموم جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ اُن کی توانا پکار نے مسلمانوں کے مختلف مکاتب فکر کو مجتمع کیا۔ تحریکِ آزادیِ ہند کے مسلم اور غیرمسلم ہم راہی، ان کی صداے رستاخیز پر کشاں کشاں کھنچے چلے آئے۔

یہ مختصر مقالہ اپنے دامن میں وسعت کا سامان لیے ہوئے ہے۔ جس میں جناب عبدالرشید عراقی نے مولانا ابوالکلام کے احوال وخدمات کے ساتھ، مولانا کی چھوٹی بڑی ۱۴۱ کتابوں کا مختصر تعارف بھی پیش کیا ہے۔ اس تعارف نامے میں اگر وہ ناشرین کے نام بھی دے دیتے تو عشاقِ مطالعہ کے لیے سہولت رہتی۔ اسی طرح چند الحاقی آثار بھی اس فہرست میں شامل ہیں، جیسے 'انسانیت موت کے دروازے پر'۔ وہ اس کے الحاقی ہونے کے خدشے کو رد، اور عبدالرزاق ملیح آبادی سے اس کے انتساب کی حقیقت واضح کر سکتے تھے۔

مولانا ابوالکلام آزاد کے مذہبی تفردات اور سیاسی عملیات پر اختلاف کی گنجایش موجود ہے، اور اس حرفِ اختلاف سے تو کسی کو بھی مفر نہیں۔ تاہم مولانا آزاد کے عزم واستقلال سے انکار کی جرأت کوئی نہیں کر سکتا۔(سلیم منصور خالد)

**مسلمان عورت اور اس کا اخلاقی و معاشرتی کردار**، مؤلف: دکتور محمد علی الہاشمی، مترجم: مولانا سلیم اللہ زمان۔ ناشر: مسلم پبلی کیشنز، ۱۲-عثمان غنی روڈ، سنت نگر، لاہور۔ صفحات: ۴۹۶۔ قیمت: درج نہیں۔ فون: ۰۳۲۲-۴۰۴۴۰۱۳

دین اسلام نے بنی نوع انسان کی بہتری کے لیے ایسی تعلیمات دی ہیں جو آج بھی

© rasailojaraid.com